مُنتخب سُورتیں
اور
دُعائیں

ترجمہ

مولانا سیّد فرمان علی اعلی اللہ مقامہ

ناشر

ادارۂ تمدّنِ اسلام

مُنتخب سُورتیں

اور

دُعائیں

ترجمہ

مولانا سیّد فرمان علی اعلی اللہ مقامہ

ناشر

ادارۂ تمدّنِ اسلام

جملہ حقوق محفوظ

التماس سورہ فاتحہ برائے
ڈاکٹر سہرالنساء دینا
بنت سلیمان نور محمد جناح

پیشکش ـــــــــــــــ سید شمس نجفی

کتابت ـــــــــــــــ رشید رستم قلم

تزئین ـــــــــــــــ انور کمال

مطالعہ آیات قرآنی ـــــــــــــــ حافظ عبدالرؤف

ناشر ـــــــــــــــ ادارہ تمدن اسلام۔ کراچی

ملنے کا پتہ

خراسان بک سینٹر

۱۲۔ سنیہ آرکیڈ ـــــ بریٹو روڈ ـــــ کراچی ۷۴۸۰۰

فون : ۷۲۱۴۷۱۷ - ۷۲۲۱۷۱۸

فہرست

①	سورۂ یٰسین کی عظمت	۴
②	سورۂ مزمل کے خصوصیات	۲۳
③	سورۂ ملک کے محاسن	۲۹
④	دُعائے کمیل کے اوصاف	۳۹
⑤	دُعائے توسل کی کرامات	۷۱
⑥	دُعائے نور صغیر	۸۲
⑦	نادِ علی کبیر	۸۵
⑧	نادِ علی صغیر کی انفرادیت	۸۹
⑨	دُعائے حضرت علی علیہ السلام	۹۰
⑩	زیارت حضرت صاحب الزماں	۹۱
⑪	دُعائے وسعتِ رزق	۹۳
⑫	مختصر دُعائے عافیت	۹۵
⑬	حدیث کساء	۹۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ

سُورۂ یٰسٓ کی عظمت

صادق آل محمدؐ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں۔ کہ سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے جو شخص دن کے وقت اس سورے کی تلاوت کرے گا خدا کی امان میں رہے گا اور شب کو سونے سے پیشتر تلاوت کرنے والے کے لیے خداوند عالم ایک ہزار فرشتے مقرر فرمائے گا جو اس کے حق میں زندگی بھر استغفار کریں گے اور مرنے کے بعد اس کے جنازے کی مشایعت کریں گے نیز قبر میں ساتھ رہیں گے۔ قیامت تک عبادت بجالائیں گے اور اس عبادت کا ثواب اس بندے کو بخشیں گے۔ اس کی قبر کو کشادہ کریں گے۔ نیز ہمیشہ اس کی قبر سے نور نکلتا رہے گا۔ جس وقت وہ اپنی قبر سے اُٹھے گا تو یہ فرشتے اس کے ہمراہ ہوں گے جو ہنس ہنس کر اس سے باتیں کریں گے۔ ہر نعمت کی اسے خوش خبری دیں گے حتیٰ کہ صراط و میزان سے گزار کر ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین کے مقام تک پہنچا دیں گے جن کی رفاقت میسر آنے کے بعد ربّ العزّت ارشاد فرمائے گا کہ اے میرے بندے اگر تو چاہے شفاعت کر کہ تیری شفاعت لوگوں کے حق میں مقبول ہے اور جو کچھ تو مجھ سے چاہے طلب کر تمام مقصود تیرے تجھ کو عنایت کروں گا بس جس کی وہ بندہ شفاعت کرے گا اور جو کچھ وہ طلب کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا اس کا حساب نہیں لے گا اور کسی گناہ کا اس سے مواخذہ نہ ہو گا۔ قیامت کے دن لوگ اس کا مرتبہ دیکھ کر کہیں گے "سُبۡحَانَ اللّٰہ" اس بندے سے کوئی چھوٹا سا گناہ بھی نہیں ہوا ہے کہ اس کا مواخذہ ہو۔

(۳۶) سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ (۴۱)

اٰيَاتُهَا ۸۳ رُكُوْعَاتُهَا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتدا اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

يٰسٓ ۞۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۞۲ اِنَّكَ

یٰسین، اور (اس) پُر از حکمت قرآن کی قسم (اے رسول) تم

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۞۳ عَلٰى صِرَاطٍ

بلاشک یقیناً پیغمبروں میں سے ہو، (اور دین کے بالکل) سیدھے راستہ

مُّسْتَقِيْمٍ ۞۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۞۵

پر (ثابت قدم) ہو، جو بڑے مہربان (اور) غالب (خدا) کا نازل کیا ہوا (ہے)،

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ

تاکہ تم ان لوگوں کو (عذاب خدا سے) ڈراؤ جن کے باپ دادا (تم سے پہلے کسی پیغمبر سے) ڈرائے

فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۞۶ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ

نہیں گئے تھے تو وہ (دین سے بالکل) بے خبر ہیں، ان میں سے اکثر پر تو (عذاب کی)

عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞۷

باتیں یقیناً بالکل ٹھیک پوری اتریں یہ لوگ تو ایمان لائیں گے نہیں،

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ

ہم نے ان کی گردنوں میں بھاری بھاری لوہے کے طوق ڈال دیئے ہیں اور

إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُم مُّقْمَحُونَ ⑧

وہ ٹھوڑیوں تک پہونچے ہوئے ہیں کہ وہ گردنیں اٹھائے ہوئے ہیں اور جھکا نہیں سکتے

وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا

ہم نے ایک دیوار ان کے آگے بنادی ہے اور ایک دیوار ان کے پیچھے

وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ

پھر اوپر سے ان کو ڈھانپ دیا ہے تو وہ کچھ دیکھ

فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ⑨ وَسَوَاءٌ

ہی نہیں سکتے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور اے رسولؐ ! ان

عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ

کے لیے برابر ہے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ

تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ⑩ إِنَّمَا

یہ کبھی ایمان لانے والے نہیں ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ تم تو بس!

تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

اس شخص کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت مانے اور بے دیکھے بھالے

الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ ۖ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

خدا کا خوف رکھے تم تو اس کو گناہوں کی ، معافی اور ایک

وَأَجْرٍ كَرِيمٍ ⑪ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي

باعزت (و آبرو) اجر کی خوشخبری دے دو ، ہم ہی یقیناً مردوں کو

الْمَوْتٰى وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ

زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ وہ لوگ پہلے کر چکے ہیں (ان کو) اور ان کی

اٰثَارَهُمْ ۭ وَ كُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ

(اچھی یا بری یادگار رہ جانے والی) نشانیوں کو لکھتے جاتے ہیں اور ہم نے ہر

فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۲﴾ وَ اضْرِبْ لَهُمْ

چیز کو ایک صاف و روشن پیشوا میں گھیر دیا ہے۔ اور (اے رسول) تم (ان سے)

مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْیَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا

مثال کے طور پر ایک گاؤں (انطاکیہ) والوں کا قصہ بیان کرو

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَیْهِمُ

کہ جب وہاں (ہمارے) پیغمبر آئے۔ اس طرح کہ جب ہم نے ان کے پاس

اثْنَیْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا

دو پیغمبر (یوحنا و یونس) بھیجے تو ان لوگوں نے دونوں کو جھٹلایا تب

بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَیْكُمْ

ہم نے ایک تیسرے (پیغمبر شمعون) سے (ان دونوں کو) مدد دی تو ان تینوں

مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا

نے کہا ہم تمہارے پاس خدا کے بھیجے ہوئے آئے ہیں۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ

بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَ مَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ

تم لوگ بھی تو بس ہمارے ہی سے آدمی ہو اور خدا نے کچھ

ع ۱۴ ۱۸

مِنْ شَیْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾

نازل (و اتارا) نہیں کیا ہے، تم سب کے سب بالکل جھوٹے ہو۔

قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّاۤ اِلَیْكُمْ

تب ان پیغمبروں نے کہا کہ ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ ہم یقیناً

لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَ مَا عَلَیْنَاۤ اِلَّا الْبَلٰغُ

اسی کے بھیجے ہوئے آئے ہیں! اور تم مانو یا نہ مانو ہم پر تو بس کھلم کھلا

الْمُبِیْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْۤا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِكُمْ ۚ

(احکام خدا کا) پہنچا دینا فرض ہے وہ بولے ہم نے تم لوگوں کو بہت نحس قدم

لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ

پایا کہ تمہارے آتے ہی قحط میں مبتلا ہوئے، تو اگر تم (اپنی باتوں سے) باز نہ آئے

وَ لَیَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۸﴾

تو ہم لوگ تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تم کو یقینی ہمارا دردناک عذاب پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَىِٕنْ

پیغمبروں نے کہا کہ تمہاری بدشگونی (تمہاری کرنی سے) تمہارے ساتھ ہے، کیا جب

ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

نصیحت کی جاتی ہے (تو اسے بد فال کہتے ہو) نہیں، بلکہ خود اپنی حد سے بڑھ گئے ہو۔

وَ جَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ

اور اتنے میں شہر کے اس سرے سے ایک شخص (حبیب نجار)

يَسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾

دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا کہ اے میری قوم (ان) پیغمبروں کا کہا مانو

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا

ایسے لوگوں کا ضرور کہنا مانو جو تم سے (تبلیغ رسالت کی) کچھ مزدوری نہیں مانگتے

وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَا لِيَ لَآ

اور وہ لوگ ہدایت یافتہ بھی ہیں اور مجھے کیا خبط ہوا ہے؟ کہ جس

اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ

نے مجھے پیدا کیا ہے اس کی عبادت نہ کروں حالانکہ تم سب کے سب

تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ

اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے، کیا میں اسے چھوڑ کر دوسروں کو

اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ

معبود بنالوں؟ اگر خدا مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ ان کی سفارش

لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا

ہی میرے کچھ کام آسکے گی اور نہ یہ لوگ مجھے اس مصیبت سے چھڑا

وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ

ہی سکیں گے، اگر ایسا کروں تو اس وقت میں صریح

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

گمراہی میں ہوں، میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لاچکا تو میری

فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ

بات سنو اور مانو، مگر ان لوگوں نے اسے سنگسار کر ڈالا تب اسے خدا کا

قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

حکم ہوا کہ بہشت میں جاؤ (اس وقت بھی اسے قوم کا خیال آیا)

بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ

تو کہا میرے پروردگار نے مجھے بخش دیا اور مجھے بزرگ لوگوں میں شامل

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا

کر دیا کاش اس کو میری قوم کے لوگ جان لیتے (ایمان لاتے) اور ہم نے اس کے مرنے

عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ

کے بعد اس کی قوم پر (ان کی تباہی) کے لیے نہ تو آسمان سے کوئی

مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾

لشکر اتارا اور نہ ہم کبھی (اتنی سی بات کے واسطے لشکر اتارنے والے تھے،

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

وہ تو صرف ایک چنگھاڑ تھی (جو کر دی گئی) پھر تو وہ فوراً

فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً

(چراغِ سحری کی طرح) بجھ کے رہ گئے: ہائے افسوس بندوں کے حال پر

عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

کہ کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر ان لوگوں

إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٠﴾ أَلَمْ

نے اس کے ساتھ مسخرہ پن ضرور کیا۔ ان لوگوں نے (اتنا بھی)

يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ

غور نہیں کیا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر ڈالا

الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾

اور وہ لوگ ان کے پاس ہرگز پلٹ کر نہیں آسکتے

وَإِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا

(ہاں) البتہ یہ سب کے سب اکٹھا ہو کر ہماری بارگاہ میں حاضر

ع ۲ مُحْضَرُونَ ﴿٣٢﴾ وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ

کئے جائیں گے، اور ان (کے سمجھنے) کے لئے (میری قدرت کی) ایک

الْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا

نشانی مردہ (پڑی) زمین ہے کہ ہم نے اس کو (پانی سے)

مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَ

زندہ کر دیا اور ہم ہی نے اس سے دانہ نکالا تو اسے یہ لوگ کھایا کرتے ہیں، اور

جَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ

ہم ہی نے اس زمین میں چھواروں اور انگور کے باغ لگائے

وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ

اور ہم ہی نے اس میں (پانی کے) چشمے جاری کیے تاکہ لوگ ان کے پھل

الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَأْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا

کھائیں اور کچھ ان کے ہاتھوں نے اسے نہیں بنایا!

عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

(بلکہ خدا نے) تو کیا یہ لوگ (اس پر بھی) شکر نہیں کرتے؟

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

وہ (ہر عیب سے) پاک ہے جس نے زمین سے اگنے والی چیزوں

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ

اور خود ان لوگوں کے اور ان چیزوں کے جن کی انہیں خبر

وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

نہیں سب کے جوڑے پیدا کیے اور (میری قدرت کی) ایک نشانی

الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا

رات ہے جس سے ہم دن کو کھینچ کر نکال لیتے (زائل کر دیتے)

هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ

ہیں تو اس وقت یہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں اور (ایک نشانی) آفتاب

تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ

ہے جو اپنے ایک ٹھکانے پر چل رہا ہے (سب سے) غالب

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾

واقف کار خدا کا باندھا ہوا اندازہ ہے ۔۔۔۔۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى

اور ہم نے چاند کے لیے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں

عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾

تک کہ ہر مہینے کے (آخر ماہ میں) کھجور کی پرانی ٹہنی کا سا دبلا ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ

نہ تو آفتاب ہی سے یہ بن پڑتا ہے کہ وہ ماہتاب کو

الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ

جالے اور نہ رات ہی دن سے آگے بڑھ سکتی ہے۔

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾

(چاند سورج ستارے) ہر ایک (اپنے اپنے آسمان (مدار) میں چکر لگا رہے ہیں

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ

اور ان کے لیے (میری قدرت کی) ایک نشانی یہ ہے کہ ان کے

فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا

بزرگوں کو (نوح کی) بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا اور اس کشتی کے مثل ان لوگوں

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾

کے واسطے بھی وہ چیزیں (کشتیاں وجہاز) پیدا کر دیں جن پر یہ لوگ خود سوار ہوا کرتے ہیں۔

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ

اور اگر ہم چاہیں تو ان سب لوگوں کو ڈبا ماریں۔ پھر نہ ان

لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ إِلَّا

کا کوئی فریادرس ہوگا اور نہ وہ لوگ چھٹکارا ہی پا سکتے ہیں۔ مگر ہماری مہربانی

رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا إِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

ہے۔ اور ایک (خاص) وقت تک (ان کو) چین کرنے دینا (منظور) ہے۔

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

اور جب کفار سے کہا جاتا ہے کہ اس (عذاب) سے بچو جو تمہارے

أَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

وقت تمہارے ساتھ ساتھ تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے (موجود) ہے تاکہ تم

تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَأْتِيْهِمْ مِّنْ

پر رحم کیا جائے (تو وہ پرواہ نہیں کرتے) اور ان کی حالت یہ ہے کہ جب ان

اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوْا

کے پروردگار کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ان کے پاس

عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ

آئی تو یہ لوگ منہ موڑے بغیر کبھی نہ رہے۔ اور جب ان کفار سے کہا جاتا

أَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ

ہے کہ مال دنیا سے (جو خدا نے تمہیں دیا ہے اس میں سے کچھ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

خدا کی راہ میں بھی) خرچ کرو تو یہ کفار ایمان والوں سے

اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

کہتے ہیں کہ بھلا ہم اس شخص کو کھلائیں جسے (تمہارے خیال کے موافق)

اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِىْ

خدا چاہتا تو اس کو خود کھلاتا تم لوگ بس صریح گمراہی میں (پڑے ہوئے ہو)

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

اور کہتے ہیں کہ (بھلا) اگر تم لوگ (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو آخر

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا (اے رسولؐ) یہ لوگ ایک

صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

سخت چنگھاڑ (صور) کے منتظر ہیں جو انہیں (اس وقت)

صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ

لے ڈالے گی جب یہ باہم جھگڑ رہے ہوں گے پھر نہ تو لوگ وصیت ہی

وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

کرنے پائیں گے اور نہ اپنے لڑکے بالوں ہی کی طرف لوٹ کر جاسکیں گے،

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع ۱۸ ۲

اور پھر (جب دوبارہ) صور پھونکا جائے گا تو اسی دم یہ سب لوگ

وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ

(اپنی اپنی) قبروں سے نکل نکل کے (اپنے پروردگار کی طرف چل کھڑے ہوں گے،

الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾

اور (حیران ہوکر) کہیں گے اے افسوس (ہم تو پہلے سو رہے تھے)

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ

ہمیں ہماری خواب گاہ سے کس نے اٹھایا (جواب آئے گا کہ) یہ وہی

مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ

(قیامت کا) دن ہے جس کا (ہم) سے خدا نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے بھی سچ کہا تھا (قیامت تو)

وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ

بس ایک سخت چنگھاڑ ہوگی پھر ایکا ایکی یہ لوگ سب کے

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

سب ہمارے حضور پیش کئے جائیں گے، پھر آج (قیامت کے دن)

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ

کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا اور تم لوگوں کو تو اسی

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا

کا بدلہ دیا جائے گا جو تم لوگ (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾

بہشت کے رہنے والے آج (روز قیامت) ایک نہ ایک مشغلے

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ

میں جی بہلا رہے ہیں، وہ اپنی بیبیوں کے ساتھ (ٹھنڈی)

شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَ اَزْوَاجُهُمْ

چھاؤں میں تکیے لگائے تختوں پر (چین سے) بیٹھے ہوئے ہیں،

فِیْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾

بہشت میں ان کے لیے (تازہ) میوے (تیار) ہیں اور جو

لَهُمْ فِیْهَا فَاكِهَةٌ وَّ لَهُمْ مَّا

وہ چاہیں ان کے لیے (حاضر) ہے، مہربان پروردگار کی طرف سے سلام

یَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ

کا پیغام آئے گا، اور (ایک آواز آئے گی کہ) اے گنہگارو تم

رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿۵۸﴾ وَ امْتَازُوا الْیَوْمَ

لوگ (ان سے) الگ ہو جاؤ، اے آدم کی اولاد کیا میں نے

اَیُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ

تمہارے پاس یہ حکم نہیں بھیجا تھا کہ خبردار شیطان کی

اِلَیْكُمْ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا

پرستش نہ کرنا، وہ یقیناً تمہارا کھلا دشمن ہے،

الشَّیْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۶۰﴾ لا

اور یہ کہ (دیکھو) صرف میری عبادت کرنا یہی (نجات کی)

وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِیْ ط هٰذَا صِرَاطٌ

سیدھی راہ ہے اور (باوجود اس کے) اس نے تم میں

مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ

سے بہتیروں کو گمراہ کر چھوڑا۔ تو کیا تم (اتنا بھی)

جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ اَفَلَمْ تَكُونُوا

نہیں سمجھتے تھے ، یہ وہی جہنم ہے۔ جس کا تم سے

تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِي

وعدہ کیا گیا تھا ، تو اب چونکہ تم کفر کرتے

كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ اِصْلَوْهَا

تھے اس وجہ سے آج اس میں اچھے ، سے چلے جاؤ

الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو جو

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَ

کارستانیاں یہ لوگ (دنیا میں) کر رہے تھے خود ان

تُكَلِّمُنَا اَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ

کے ہاتھ ہم کو بتا دیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے،

اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں پر جھاڑو پھیر دیں

وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلٰى اَعْيُنِهِمْ

تو یہ لوگ راہ کو پڑے چکر لگاتے پھریں مگر کہاں دیکھ پائیں گے،

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾

اور اگر ہم چاہیں تو جہاں یہ ہیں (وہیں) ان کی صورتیں

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى

بدل کر (پتھر سی) بنا دیں پھر نہ تو ان میں آگے جانے کا قابو

مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا

رہے اور نہ گھر لوٹ سکیں، اور ہم جس شخص کو بہت زیادہ

ع وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ

عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت میں الٹ کر (پھر بچوں کی طرح مجبور کر دیتے ہیں)

نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا

تو کیا وہ لوگ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے نہ اس (پیغمبر) کو شعر کی تعلیم

يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ

دی ہے اور نہ شاعری اس کی شان کے لائق ہے۔

وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا

یہ (کتاب) تو بس (نری) نصیحت اور صاف صاف قرآن ہے، تاکہ جو

ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ

زندہ (دل عاقل) ہو اسے (عذاب سے) ڈرائے اور کافروں

مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ

پر (عذاب کا) قول ثابت ہو جائے (اور حجت باقی نہ رہے) کیا ان لوگوں نے

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا

اس پر بھی غور نہیں کیا کہ ہم نے ان کے فائدے کے لیے چار پائے اس چیز سے

خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

پیدا کیے جسے ہماری ہی قدرت نے بنایا ہے لوگ ان کے (خواہ خواہ) مالک بن گئے اور

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَ

ہم ہی نے چارپایوں کو ان کا مطیع بنا دیا تو بعض ان کی

ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ

سواریاں ہیں اور بعض کو کھاتے ہیں اور چارپایوں میں ان کے (لیے)

وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا

بہت سے فائدے ہیں اور پینے کی چیز (دودھ) تو کیا یہ لوگ اس پر بھی شکر نہیں کرتے

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

اور ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر (فرضی) معبود بنائے ہیں تاکہ انہیں ان

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

سے کچھ مدد ملے، حالانکہ وہ لوگ ان کی کسی طرح مدد کر ہی

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

نہیں سکتے اور یہ کفار ان معبودوں کے لشکر ہیں (اور قیامت میں)

نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ

ان سب کی حاضری لی جائے گی، تو (اے رسول) تم ان کی باتوں سے

مُحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ

آزردہ نہ ہو جو کچھ یہ لوگ چھپا کر کرتے ہیں اور جو کچھ کھلم کھلا

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

کرتے ہیں ہم سب کو یقینی جانتے ہیں، کیا آدمی نے اس پر غور نہیں کیا

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

کہ ہم نے ہی اس کو ایک ذلیل نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ یکایک

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا

ہمارا ہی کھلم کھلا مقابل (بنا) ہے، اور ہماری نسبت باتیں بنانے

هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ

لگا اور خلقت (کی حالت) بھول گیا اور کہنے لگا کہ بھلا جب

لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ

یہ ہڈیاں (سڑ گل کر) خاک ہو جائیں گی تو (پھر) کون (دوبارہ) زندہ کر سکتا ہے

مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾

اے رسولؐ تم کہہ دو کہ اس کو وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ

(جب یہ کچھ نہ تھے) پہلی مرتبہ زندہ کر دکھایا، تھا وہ ہر طرح کی پیدائش سے واقف ہے

مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ﴿۷۹﴾

جس نے تمہارے واسطے مرخ اور عفار کے ہرے درخت

الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ

سے آگ پیدا کردی پھر تم اس سے

الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ

(اور) آگ سلگا لیتے ہو۔

تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِىْ خَلَقَ

(بھلا) جس (خدا) نے سارے آسمان اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى

زمین پیدا کیے کیا وہ اس پر قابو نہیں رکھتا کہ ان کے مثل (دوبارہ) پیدا

اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۚ وَهُوَ

وقف غفران

کردے۔ ہاں (ضرور قابو رکھتا ہے) اور وہ تو پیدا کرنے والا واقف

الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ

کار ہے۔ اس کی شان تو یہ ہے کہ جب کسی چیز کو

اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ

پیدا کرنا چاہتا ہے تو وہ کہہ دیتا ہے کہ ہوجا

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِىْ

تو (فوراً) ہوجاتی ہے۔ تو وہ خدا (ہر نقص سے) پاک

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَىْءٍ وَّ

صاف ہے جس کے قبضہ قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے۔ اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

تم لوگ اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔

سورۂ مزمّل کے خصوصیات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ مزمّل نماز عشاء میں یا آخر شب پڑھے تو یہ سورہ اس کے نیک اعمال کا شاہد ہوگا اور خدا کے نزدیک اس کی گواہی دے گا اور حق تعالیٰ اسے نہایت پاک پاکیزہ زندگی اور اچھی موت سے نوازے گا اور حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورہ کا پڑھنے والا ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ نیز مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص بہ نیت دفع عسرت بعد نماز عشاء اس سورہ کو گیارہ بار پڑھے تو اسے خوش حال نصیب ہو۔

(۷۳) سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ (۳)

اٰیاتُھا ۲۰ رکوعاتُھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝۱ قُمِ الَّيْلَ

اے (میرے) چادر لپیٹنے والے (رسولؐ) رات کو (نماز کے واسطے)

اِلَّا قَلِيْلًا ۝۲ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ

کھڑے رہو مگر (پوری رات نہیں) بلکہ تھوڑی رات۔ آدھی رات

مِنْهُ قَلِيْلًا ۝۳ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ

یا اس سے بھی کم کر دو، یا اس سے کچھ بڑھا دو

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿٤﴾

اور قرآن کو باقاعدہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو ۔

اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿٥﴾

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری حکم نازل کریں گے ۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِیَ اَشَدُّ

اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا خوب (نفس) کا

وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿٦﴾ اِنَّ لَكَ

پامال کرتا ہے اور بہت ٹھکانے ذکر کا وقت ہے ۔ دن کو

فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿٧﴾

تو تمہارے اور بہت سے بڑے بڑے اشغال ہیں

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ

تو تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور سب سے

اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿٨﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ

ہٹ کر اسی کے ہو رہو ۔ وہی مشرق اور

وَالْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

مغرب کا پروردگار ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿٩﴾ وَاصْبِرْ عَلٰی

تو تم اسی کو کارساز بناؤ ۔ اور جو کچھ لوگ بکا

مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا

کرتے ہیں اس پر صبر کرو اور ان سے بعنوانِ شائستہ

جَمِيْلًا ⑩ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ

الگ تھلگ رہو ۔ اور مجھے ان جھٹلانے والوں سے جو

أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ⑪

دولت مند ہیں سمجھ لینے دو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو ۔

إِنَّ لَدَيْنَآ أَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ⑫

بے شک ہمارے پاس بیڑیاں بھی ہیں اور جلانے والی آگ بھی،

وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا

اور گلے میں پھنسنے والا کھانا (بھی) اور دکھ دینے والا

أَلِيْمًا ⑬ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ

عذاب (بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے

وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ

لگیں گے اور پہاڑ ریت کے ٹیلے جیسے بھربھرے

كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ⑭ إِنَّآ أَرْسَلْنَآ

ہو جائیں گے ، (اے مکہ والو ، ہم نے تمہارے

إِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ

پاس (اسی طرح) ایک رسول (محمدؐ) کو بھیجا

كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ

جو تمہارے معاملہ میں گواہی دے جس طرح فرعون

رَسُوْلًا ﴿١٥﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

کے پاس ایک رسول (موسیٰ) کو بھیجا تھا، تو فرعون نے

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿١٦﴾ فَكَيْفَ

اس رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے بھی (اس کی سزا میں) اس کو بہت سخت پکڑا، تو

تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا

اگر تم بھی نہ مانو گے تو اس دن (کے عذاب) سے کیسے بچو گے

يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿١٧﴾ السَّمَآءُ

جو بچوں کو بوڑھا بنا دے گا، جس دن آسمان

مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ

پھٹ پڑے گا، یہ اس کا وعدہ ہے جو پورا

مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

ہو کر رہے گا، بے شک یہ نصیحت ہے تو جو

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿١٩﴾

شخص چاہے اپنے پروردگار کی راہ اختیار کرے،

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ

(اے رسول!) تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم اور

اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَ

تمہارے ساتھ کے چند لوگ کبھی دو تہائی رات کے

نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ

قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ط وَ اللّٰهُ

(نماز میں) کھڑے رہتے ہو اور خدا ہی رات

يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ط عَلِمَ

اور دن کا اچھی طرح اندازہ کر سکتا ہے اسے

اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

معلوم ہے کہ تم لوگ اس پر پوری طرح سے حاوی

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط

نہیں ہو سکتے تو اس نے تم پر مہربانی کی تو جتنا آسانی سے

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى لا

ہو سکے اتنا نماز میں قرآن پڑھ لیا کرو وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں

وَ اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ

سے بعض بیمار ہو جائیں گے اور بعض خدا کے فضل کی تلاش

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ لا وَ

میں روئے زمین پر سفر اختیار کریں گے اور کچھ

اٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

اور لوگ خدا کی راہ میں جہاد کریں گے

اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ

تو جتنا تم سے آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اور نماز پابندی سے پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو

وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَ

اور خدا کو قرض حسنہ دو اور

مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

جو نیک عمل اپنے واسطے خدا کے

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا

سامنے پیش کرو گے اس کو خدا کے ہاں بہتر

وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ

اور صلہ میں بزرگ تر پاؤ گے اور خدا سے مغفرت کی دعا مانگو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾

بے شک خدا بڑا بخشنے والا مہربان ہے

سورۂ ملک کے محاسن

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا نے فرمایا جو شخص اس سورے کو پڑھے گا وہ قیامت کے روز نجات پائے گا، ملائکہ کے پروں پر اٹھے گا اور جناب یوسف جیسا حسن پائے گا" اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورۂ ملک سورہ مانعہ ہے اس لیے کہ بچاتا ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اس کا نام سورۂ ملک ہے جو شخص اس سورے کو بوقت شب پڑھے تو صاحب برکت قرار پائے گا اور خوش رہے گا اور میں اس سورے کو عشاء کے بعد پڑھتا ہوں۔

اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص تبارک الذی پڑھے گا۔ خاص کر سونے سے پہلے تو وہ ہمیشہ خدا کی امان میں رہے گا اور قیامت کے روز خدا کی پناہ میں ہوگا اور اس سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ عذاب قبر سے محفوظ رکھنے والا ہے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "انہا واقیۃ من عذاب القبر"

(٦٧) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (٧٧)

آیاتہا ۳۰ — رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ

جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ ①

ہے وہ بڑی برکت والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

الَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ الْحَيٰوةَ

جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ

آزمائے کہ تم میں سے کام میں سب سے اچھا کون

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝٢ الَّذِىْ

ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے جس

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا

نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے بھلا تجھے

تَرٰى فِىْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ

خدا کی آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی

تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھے کوئی

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝٣ ثُمَّ ارْجِعِ

شگاف نظر آتا ہے، پھر دوبارہ آنکھ اٹھا

الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ

کر دیکھ تو (ہر بار تیری) نظر ناکام اور

الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝٤

تھک کر تیری طرف پلٹ آئے گی۔

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا

اور ہم نے نیچے والے (پہلے) آسمان کو (ستاروں کے

بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

چراغوں) سے زینت دی ہے اور ہم نے ان

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ

کو شیطانوں کے مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے

عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝٥ وَلِلَّذِيْنَ

ان کے لیے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ط

لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کے لیے جہنم کا

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٦ اِذَآ اُلْقُوْا

عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے ۔ جب یہ لوگ اس میں

فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ

ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ

تَفُوْرُ ۝٧ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ط

جوش مار رہی ہوگی ۔ بلکہ گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی

كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ

جب اس میں (ان کا) کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو ان سے داروغہ

خَزَنَتُهَآ اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَذِيۡرٌ ۝٨

جنم پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) نہیں آیا تھا!

قَالُوۡا بَلٰى قَدۡ جَآءَنَا نَذِيۡرٌ ۙ

وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس ڈرانے والا ضرور

فَكَذَّبۡنَا وَقُلۡنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ

آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا

مِنۡ شَىۡءٍ ۖۚ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا فِىۡ

کہ خدا نے کچھ نازل نہیں کیا تم تو بڑی گمراہی

ضَلٰلٍ كَبِيۡرٍ ۝٩ وَقَالُوۡا لَوۡ كُنَّا

گمراہی میں (پڑے) ہو ، اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر

نَسۡمَعُ اَوۡ نَعۡقِلُ مَا كُنَّا فِىۡ

(ان کی بات) سنتے یا سمجھتے تو (آج) دوزخیوں

اَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ۝١٠ فَاعۡتَرَفُوۡا

میں نہ ہوتے .... غرض

بِذَنۡۢبِهِمۡ ۚ فَسُحۡقًا لِّاَصۡحٰبِ

وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیں گے ، تو دوزخیوں

السَّعِيۡرِ ۝١١ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَخۡشَوۡنَ

کو خدا کی رحمت سے دوری ہے ، بے شک جو لوگ اپنے

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

پروردگار سے بے دیکھے بھالے ڈرتے ہیں ان کے

وَّ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۱۲﴾ وَ اَسِرُّوْا

لیے مغفرت اور بڑا بھاری اجر ہے ۔ اور تم لوگ

قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ

اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا وہ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾

تو دل کے بھیدوں تک سے خوب واقف ہے

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ

بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے وہ تو

ع ۱۲ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِيْ

بڑا باریک بیں اور واقف کار ہے ۔ وہی تو ہے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا

جس نے زمین کو تمہارے لیے نرم و ہموار کر دیا

فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا

تو اس کے اطراف و جوانب میں چلو اور اس کی دی ہوئی

مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾

روزی کھاؤ اور پھر اسی کی طرف (قبر سے) اٹھ کر جانا ہے ۔

ءَ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ

کیا تم اس شخص سے ، جو آسمان میں ، حکومت کرتا ہے

اَنْ یَّخْسِفَ بِکُمُ الْاَرْضَ

اس بات سے بے خوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے

فَاِذَا هِیَ تَمُوْرُ ﴿١٦﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ

پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کرنے لگے ، یا تم اس بات سے

مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ یُّرْسِلَ

بے خوف ہو کہ جو آسمان میں ، سلطنت کرتا ، ہے

عَلَیْکُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ

کہ تم پر پتھر بھری آندھی چلادے تو تمہیں عنقریب

کَیْفَ نَذِیْرِ ﴿١٧﴾ وَ لَقَدْ کَذَّبَ

ہی معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے ؟ اور جو لوگ ان

الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَکَیْفَ

سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا تھا تو (دیکھ لو) کہ

کَانَ نَکِیْرِ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا

میری ناخوشی کیسی تھی ! کیا لوگوں نے اپنے سروں پر

اِلَی الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ

چڑیوں کو اڑتے نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے

وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ

رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے

إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ

سوا انہیں کوئی نہیں روکے رہ سکتا بے شک

شَيْءٍ بَصِيرٌ ﴿١٩﴾ أَمَّنْ هَٰذَا

وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے بھلا خدا کے سوا ایسا کون

الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم

ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری مدد کرے

مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ

کافر لوگ تو دھوکے ہی دھوکے

إِلَّا فِي غُرُورٍ ﴿٢٠﴾ أَمَّنْ هَٰذَا

میں ہیں ۔ بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی)

الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ

روزی روک لے تو کون ایسا ہے .... جو

رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَ

تمہیں رزق دے مگر یہ کفار تو سرکشی اور

نُفُورٍ ﴿٢١﴾ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ

نفرت (کے بھنور) میں پھنسے ہوئے ہیں ۔ بھلا جو شخص

وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ

اوندھا اپنے منہ کے بل چلے وہ زیادہ ہدایت

سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٢﴾

یافتہ ہوگا یا وہ شخص جو سیدھا برابر راہ راست پر چل رہا ہو

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَ

(اے رسول) تم کہہ دو کہ خدا تو وہی ہے جس

جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

نے تم کو نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾

آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو۔

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي

کہہ دو کہ وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

پھیلا دیا اور اسی کے سامنے جمع کیے جاؤ گے۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

اور (کفار) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (آخر) یہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلْ

وعدہ کب پورا ہوگا؟ (اے رسول) تم کہہ دو کہ

إِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَإِنَّمَا

(اس کا) علم تو بس خدا کو ہے اور میں تو صرف

أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا رَأَوْهُ

صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں ۔ تو جب یہ

زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ

لوگ اسے قریب دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے)

كَفَرُوا وَقِيلَ هٰذَا الَّذِي

کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور ان سے کہا

كُنْتُمْ بِهِ تَدَّعُونَ ﴿٢٧﴾ قُلْ

جائے گا یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے (اے رسول)

أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ

تم کہ دو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا مجھ کو اور میرے

وَمَنْ مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ

ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے

يُّجِيرُ الْكٰفِرِينَ مِنْ عَذَابٍ

تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون پناہ

أَلِيمٍ ﴿٢٨﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ آمَنَّا

دے گا ، تم کہ دو کہ وہی (خدا) بڑا رحم کرنے والا

بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ

ہے جس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے اسی پر بھروسہ

مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

کر لیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون صریح گمراہی میں پڑا ہے

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا

(اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر تمہارا پانی زمین

فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

کے اندر چلا جائے تو کون ایسا ہے جو تمہارے لیے پانی کا چشمہ بہا لائے!

دُعائے کمیل کے اوصاف

کتاب اقبال میں سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں "ایک مرتبہ نصف ماہ شعبان کو مسجد بصرہ میں جناب امیرالمومنین علی ابن ابیطالب علیہ السّلام تشریف رکھتے تھے۔ کمیل ابن زیاد نخعی نے اپنے مولا سے عرض کی کہ مجھ کو دعائے خضر علیہ السّلام تعلیم فرما دیجئے۔" حضرت نے فرمایا کہ جو شخص نیمہ شعبان کو شب بیداری کرے اور اس دعا کو پڑھے اس کے بعد حق تعالیٰ سے اپنا مطلب بیان کرے حاجت اس کی بر آئے گی۔ اے کمیل تم اس دعا کو حفظ کر لو اور ہر شب جمعہ، اسے پڑھا کرو اگر ہر شب جمعہ کو نہ پڑھ سکو تو مہینہ میں ایک مرتبہ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو سال میں ایک مرتبہ اور یہ بھی نہ ہو سکے تو اپنی عمر میں ایک مرتبہ ہی پڑھ لو یہ دعا دشمن کے شر سے محفوظ رکھتی ہے۔ اور اس سے روزی کشادہ ہوتی ہے اور کل گناہ صغیرہ و کبیرہ اس کی برکت سے بخش دیئے جاتے ہیں۔ نیز دین و دنیا کی تمام مرادیں پوری ہوتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ
اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں

الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ وَّ بِقُوَّتِکَ
جو ہر چیز سے بڑھی ہوئی ہے جس کی وجہ سے تو ہر چیز پر

الَّتِیْ قَهَرْتَ بِهَا کُلَّ شَیْءٍ وَّ خَضَعَ
غالب ہے اور ہر چیز نے اس کے آگے

لَهَا کُلُّ شَیْءٍ وَّ ذَلَّ لَهَا کُلُّ شَیْءٍ
فروتنی کی ہے، اور ہر چیز اس سے پست ہے

وَبِجَبَرُوْتِكَ الَّتِيْ غَلَبْتَ بِهَا

اور تیری اس جبروت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جس کے سبب سے

كُلَّ شَيْءٍ وَّبِعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا يَقُوْمُ

تو ہر چیز پر غالب آیا اور تیری اس عزت کا واسطہ

لَهَا شَيْءٌ وَّ بِعَظَمَتِكَ الَّتِيْ

دے کر سوال کرتا ہوں جس کے سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہرتی اور تیری اس عظمت کا واسطہ

مَلَأَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَّ بِسُلْطَانِكَ

دے کر سوال کرتا ہوں جس سے ہر چیز پر نظر آتی ہے اور تیری اس سلطنت کا واسطہ

الَّذِيْ عَلَا كُلَّ شَيْءٍ وَّ بِوَجْهِكَ

دے کر سوال کرتا ہوں، جو ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے اور تیری اس ذات کا واسطہ دے کر

الْبَاقِيْ بَعْدَ فَنَاءِ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

سوال کرتا ہوں جو ہر شے کے فنا ہو جانے کے بعد باقی رہے گی اور

بِاَسْمَائِكَ الَّتِيْ مَلَأَتْ اَرْكَانَ كُلِّ

ان مقدس ناموں کا واسطہ دے کر جن سے ہر چیز کے اصلی حصے بھرے ہوئے

شَيْءٍ وَّ بِعِلْمِكَ الَّذِيْ اَحَاطَ

ہیں اور تیرے اس علم کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز کو احاطہ کیے ہوئے

بِكُلِّ شَيْءٍ وَّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ

ہے اور تیری ذات کے اس نور کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں۔

أَضَاءَ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ يَا نُوْرُ

جس کی وجہ سے ہر چیز میں چمک دمک ہے۔ اے نور

يَا قُدُّوْسُ يَا أَوَّلَ الْأَوَّلِيْنَ وَ

اے سب سے زیادہ پاک و پاکیزہ، اے سب پہلوں سے پہلے

يَا آخِرَ الْآخِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ

اے تمام آخروں سے آخر، یا اللہ میرے وہ سب

الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَهْتِكُ الْعِصَمَ

گناہ بخش دے جو ناموس میں بٹہ لگا دیتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ

یا اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو

تُنْزِلُ النِّقَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ

نزول بلا کا باعث ہوتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب

الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُغَيِّرُ النِّعَمَ

گناہ بخش دے، جو نعمتوں کو بدل دیتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ

یا میرے اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو دعاؤں کو

تَحْبِسُ الدُّعَاءَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ

درجہ مقبولیت تک پہنچنے سے روک دیتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب

الذُّنُوبَ الَّتِي تَقْطَعُ الرَّجَاءَ

گناہ بخش دے جو امید کو پورا نہیں ہونے دیتے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي

یا اللہ میرے ان سب گناہوں کو بخش دے جن سے

تُنْزِلُ الْبَلَاءَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي كُلَّ

بلا نازل ہوتی ہے یا اللہ میرے ان سب گناہوں

ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهُ وَكُلَّ خَطِيئَةٍ

کو بخش دے جو میں نے کئے ہوں اور ہر اس خطا کو معاف کر دے

اَخْطَاْتُهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَتَقَرَّبُ

